


سٹی آف برامپٹن

# نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن گائیڈ

BRAMPTON

# مشمولات کا جدول


1. تعارف 3
2. نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کیا ہے؟ 5
3. برامپٹن نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کا الحاق 7
A. سٹی سے الحاق کیوں؟ 8
B. سٹی کے ساتھ الحاق کے لیے کیا ضروری ہے؟ 9
C. ملحق ہونے کا طریقہ کار کیا ہے؟ 10
D. سٹی نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کے الحاق میں کیا کردار ادا کرتا ہے؟ 12
E. الحاق شدہ حیثیت کی منظوری 12
F. الحاق شدہ حیثیت کا خاتمہ 13
4. لوگوں کو جوڑنا 14
A. شروع کیسے کریں! 15
B. ممبران کو کیسے متحرک اور شامل رکھا جائے! 17
5. کاروائی کرنا 18
A. سٹی کی جانب سے نرچرڈ نیبر ہُڈ گرانٹ حاصل کے مواقع 19
B. نرچرڈ نیبر ہُڈ گرانٹ کے ممکنہ استعمالات 20
C. فی سال پروجیکٹس کی تعداد 26
D. کامیاب پروجیکٹس 26
6. پڑوس کا ایکشن پلان 27
A. پڑوس کا ایکشن پلان کیوں بنائیں؟ 28
B. نقطہ نظر 29
C. اثاثہ جات کی شناخت کی سرگرمی 30
7. آپ کے قریبی نیبر ہُڈ کی جھلکیاں! 31
8. اعترافات 33




# حصه ایک

## تعارف



# تعارف

سٹی آف برامپٹن کمیونٹی سیفٹی اینڈ ویل بیئنگ آفس (CSWO) اپنی **برامپٹن نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن گائیڈ** پیش کرنے پر خوشی محسوس کر رہا ہے۔ ہر علاقے کے مطابق طریقوں کا استعمال کرتے ہوئے، پڑوسی علاقے ہمارے کام کا مرکز و محور ہیں۔ نرچرنگ نیبر ہُڈز پروگراموں میں ہمارے رہائشیوں کی شمولیت اور وابستگی کے ذریعے، CSWO کے سامنے یہ بات آئی ہے کہ محفوظ محسوس کرنا، وسائل سے جڑا رہنا اور شہریوں میں ملکیت کا احساس پیدا ہونا ہماری کمیونٹی میں مثبت اثرات پیدا کرنے کے لیے اہم ہے۔

جس کے حصول کے لیے نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن گائیڈ ایک ایسا مفید طریقہ کار ہے جس کی نشاندہی کونسل سے منظور شدہ کمیونٹی سیفٹی ایکشن پلان (2022-2027) میں کی گئی ہے۔ یہ وسیلہ اہلیت بڑھانے کے لیے معلومات کا اشتراک کرے گا اور ہمارے رہائشیوں کا ایک نیٹ ورک قائم کرے گا تاکہ پڑوسی علاقوں میں ان کے حفاظتی خدشات کو دور کرنے اور ان پر قابو پانے کے لیے اجتماعی طور پر کام کرنے میں مدد ملے۔

نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن گائیڈ کا مقصد رضاکاروں کی مدد سے رہائشیوں کے گروپوں کی مدد کرنا ہے یا رہائشیوں کی فلاح و بہبود کو بہتر بنانے میں دلچسپی رکھنے والے افراد کی مدد کرنا ہے اور CSWO برچرڈ نیبر ہُڈ گرانٹ کے استعمال کا خاکہ پیش کرنا ہے۔




# حصہ دو

# نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کیا ہے؟

# نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کیا ہے؟

ایک نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن ایک ہی پڑوس کے رہائشیوں کا ایک رضاکار گروپ ہوتا ہے

جو اپنے پڑوس کو بہتر بنانے کے طریقوں کی نشاندہی کرنے اور ان بہتریوں کو عملی شکل دینے کے لیے مل کر کام کرنے کے لیے اکٹھے ہوتے ہیں۔

پڑوس کو ایک ایسا علاقہ کہا جا سکتا ہے جہاں اس علاقے کے لوگ مل کر رہتے ہیں اور ان کا ایک دوسرے کے ساتھ واسطہ پڑتا ہے۔ کسی بھی محلے کے جغرافیائی محل وقوع، سہولیات سے فاصلہ، مشترکہ اہداف، اقدار اور/ یا وہاں کے مجموعی احساس اور شناخت سمیت متعدد دیگر عوامل کی بنیاد پر ہم اس کے معاملات کو اس محلے کی نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن پر چھوڑ دیتے ہیں۔ CSWO موجودہ نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز اور ان کی حدود کے بارے میں معلومات فراہم کر کے مدد دے سکتا ہے اور کسی خاص علاقے میں باہمی تضاد کے کسی بھی معاملے کو حل کرنے میں مدد فراہم کر سکتا ہے۔

ایک نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن اپنے ساتھی رہائشیوں سے ملنے کا ایک بہترین طریقہ ہے اور یہ کسی بھی محلے میں موجود مثبت اور منفی پہلوؤں کی نشاندہی کرتی ہے اور کمیونٹی کو بہتر بنانے کے لیے مل کر کام کرتی ہے۔ مربوط پڑوس باہمی معاملہ فہمی پر مبنی ہوتے ہیں۔

*"پڑوسیوں کی انجمنیں پڑوسیوں کے ساتھ دوستی اور جان پہچان میں اضافہ کرتی ہیں۔"*

- رہائشیوں کا نرچرنگ نیبرہُڈز پروگرام سروے





COMMUNITY SAFETY & WELL-BEING

## حصہ تین

# برامپٹن نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کا الحاق

برامپٹن میں نیبرہُڈ ایسوسی ایشنز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ سٹی کے ساتھ اپنا الحاق کرائیں۔ الحاق شدہ حیثیت ان گروپوں کو دی جاتی ہے جو صحت اور بہبود کے حوالے سے سٹی کے کارپوریٹ اسٹریٹجک فوکس کے شعبوں میں تعاون کرتے ہیں۔

## A سٹی سے الحاق کیوں؟

الحاق شدہ ہونے سے CSWO کے ذریعے درج ذیل فوائد حاصل ہوں گے:

| ✓ | CSWO کی جانب سے مراعات |
|---|---|
| | سرگرمیوں، خصوصی تقریبات، پراجیکٹس، میٹنگز اور متعلقہ ساز و سامان کے لیے CSWO نرچرڈ نیبر ہُڈ گرانٹ کے ذریعے نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کو $1,500 تک کی مالی امداد فراہم کرے گا۔ |
| | ایگزیکٹو میٹنگز اور/یا سالانہ جنرل میٹنگز کے انعقاد کے لیے سٹی ہال ویسٹ ٹاور (دوسری یا تیسری منزل میں CSWO کی جانب سے بورڈ روم کی بکنگ (گنجائش موجود ہونے سے مشروط)۔ |
| | CSWO کے کمیونٹی سیفٹی کوآرڈینیٹرز کی جانب سے سٹی کے ساتھ رابطے تک رسائی۔ |
| | آنے والے کمیونٹی سیفٹی اینڈ ویلبیئنگ ڈیجیٹل نیوز لیٹر میں نمایاں ہونے کا موقع۔ |
| | برامپٹن کمیونٹی سیفٹی ایڈوائزری کمیٹی (BCSAC) کی جانب سے مشوروں اور امداد تک رسائی۔ |
| | CSWO کی منظوری کے مطابق، نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کے الحاق شدہ اقدامات کے تحفظ کے لیے ذمہ داری کی عمومی انشورنس۔ سٹی آف برامپٹن اس انشورنس کی لاگت کو کمیونٹی سروسز کمیونٹی گروپ افلیئشن پالیسی کی مدد سے پورا کرے گا اور اس کے لیے نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کے نرچرڈ نیبر ہُڈ گرانٹ پروجیکٹ کی سرگرمیوں اور اقدامات کی مکمل فہرست فراہم کرنے کی شرط لاگو ہو گی۔ |
| | معلومات، خیالات، وسائل کے اشتراک اور منسلک ہونے کے مواقع کے لیے پڑوس کی دیگر ایسوسی ایشنز تک رسائی۔ |

الحاق شدہ ہونے سے نیٹ ورکنگ اور دوسری ایسی نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز سے منسلک ہونے کے مواقع بھی میسر آتے ہیں، جو CSWO کی جانب سے تعاون یافتہ ہیں اور درج ذیل اضافی مراعات بھی موصول ہوتی ہیں:

| ✓ | فوائد |
|---|---|
| | باہمی طور پر مفید ایسے تعلقات تک رسائی جو کمیونٹی کی شمولیت کی حمایت اور اسے تقویت پہنچاتے ہیں۔ |
| | ایسوسی ایشن کے رکن رضاکاروں کی قیادت میں پڑوسیوں کے اقدامات میں تعاون۔ |
| | پڑوسیوں کی زیرقیادت ایسے اقدامات پر سٹی کی جانب سے پذیرائی، جو کمیونٹی کی حفاظت اور بہبود میں اضافہ کرتے ہیں۔ |
| | سٹی کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے ایسوسی ایشن کے اراکین کے لیے ایسے مواقع تک رسائی جن سے محلے کے مقامی خدشات کو دور کیا جا سکتا ہے۔ |

# B سٹی کے ساتھ الحاق کے لیے کیا ضروری ہے؟

ایک تسلیم شدہ الحاق شدہ گروپ کے طور پر اہل ہونے اور قابل اطلاق تعاون اور مراعات حاصل کرنے کے لیے، نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کو درج ذیل تمام شرائط اور اہلیت کے معیارات کو پورا کرنا ضروری ہے:

| ✓ | شرائط اور اہلیت |
|---|---|
| 1 | **جغرافیہ** |
| | نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن، سٹی آف برامپٹن کے اندر واقع ہونی چاہیے۔<br>تمام اراکین کو اسی متعین شدہ جغرافیائی حدود کے اندر رہائش پذیر ہونا چاہیے، جو نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کی جانب سے متعین کی گئی ہو۔<br>CSWO درخواست کے عمل کے حصے کے طور پر مجوزہ حدود کا جائزہ لے گا اور اسے منظور کرے گا اور کسی خاص علاقے پر باہمی تضادات کے کسی بھی معاملے کو حل کرنے میں مدد فراہم کرے گا۔<br>ایسے معاملات میں، CSWO ایک قابل عمل حل تلاش کرنے کے لیے دونوں فریقوں کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔ نتائج میں درج ذیل شامل ہیں، لیکن یہ ان تک محدود نہیں:<br>• الحاق کے مقصد کے لیے نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کا انضمام،<br>• الحاق کی منظوری، اس حد کے ساتھ دی جائے گی کہ ایک ہی جغرافیائی حدود میں کام کرنے والی متعدد نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کو فنڈنگ کے لیے بیک وقت درخواست دینے کی اجازت نہیں ہو گی،<br>• الحاق کی حیثیت سے انکار۔ |
| 2 | **مالی استحکام** |
| | نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کو مالیاتی انتظامات کا بندوبست اچھے طریقے اور شفافیت کے ساتھ کرنا چاہیے۔<br>CSWO بندش کی مدت اور تجدید کے عمل کے حصے کے طور پر نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کے نرچرڈ نیبر ہُڈ گرانٹ فنڈز کے استعمال کا سالانہ بنیادوں پر جائزہ لے گا۔ |

| ✓ | شرائط اور اہلیت |
|---|---|
| 3 | **ساخت** |
| | نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کو عام اراکین میں سے دو اہم عہدوں کے انتخاب کا عمل ایک کھلے اور جمہوری انداز میں انجام دینا چاہیے، یعنی ایک خزانچی کو منتخب کرنے کے لیے اور دوسرا ایک ایسے رکن کا انتخاب کرنا جو CSWO اور نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کے درمیان رابطے کا اہم مقام ہوتا ہے۔ انتخابی عمل کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کسی بھی مدد کے لیے CSWO سے رابطہ کر سکتی ہے۔ |
| | کم از کم 50% اراکین کی عمر 18 سال سے زیادہ ہونی چاہیے۔ فی گھرانہ ایک |
| | (1) ووٹر کی اجازت ہے۔ |
| | نیبر ہُڈ ایسوسیئیشن کو اسی علاقے کے کم از کم بیس (20) افراد پر مشتمل ہونا چاہیے، جو تمام الگ گھر سے ہوں۔ CSWO درخواستوں اور مجوزہ حدود کا جائزہ لے گا اور ایسی صورتوں کی نشاندہی کرے گا جن میں درخواست دہندگان کمیونٹی کی غیر ضروری تقسیم سے بچنے کے لیے کسی موجودہ نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن میں شامل ہونا چاہتے ہیں۔ |
| | نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کو لازمی طور پر رضاکاروں پر مبنی ایک گروپ ہونا چاہیے۔ |
| 4 | **معاہدہ** |
| | نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کو لازمی طور پر ایک معاہدے پر دستخط اور اس پر عمل کرنا چاہیے، جس میں الحاق اور دیگر متعلقہ معلومات کے لیے CSWO کی شرائط بیان کی گئی ہوں۔ |
| 5 | **سرگرمیاں** |
| | نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کے پاس اپنے پڑوسی علاقے سے متعلق ایک یا زیادہ ایسی سرگرمیاں، پروگرام یا ایونٹ ہونے چاہیں، جو صحت و عافیت کے پہلو سے سٹی کے کارپوریٹ اسٹریٹجک فوکس ایریا اور سٹی آف برامپٹن کمیونٹی سیفٹی ایکشن پلان کو تقویت پہنچاتے ہوں۔<br>نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کو اپنی ہر قسم کی سرگرمیوں/شیڈولز/تاریخوں (یعنی پڑوسی علاقے کی صفائی، پودے لگانے، پارٹیاں وغیرہ) کی ایک عدد نقل لازمی طور پر CSWO کے پاس پیشگی جمع کرانی چاہیے، بشمول نرچرڈ نیبر ہُڈ گرانٹ فنڈز کے اخراجات اور استعمال سے متعلق مالی معلومات۔ |
| 6 | **دیگر شرائط** |
| | نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کو لازمی طور پر ایک سالانہ جنرل میٹنگ (AGM) کا انعقاد اسی سال کے اندر کرنا چاہیے، جس سال میں اسے ملحق کیا جاتا ہے اور میٹنگ کے اہم نکات اور میٹنگ کی حاضری کو ریکارڈ کرنا چاہیے۔ |
| | نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کو اونٹاریو ہیومن رائٹس کوڈ کی لازمی طور پر پابندی کرنی چاہیے۔ نیبر ہُڈ ایسوسی |
| | ایشن کی تشکیل لازمی طور پر CSWO کے پاس جمع کرائی جائے۔ اپ ڈیٹس یا تبدیلیاں کسی بھی اہم تبدیلی کے تیس (30) دنوں کے اندر CSWO کے پاس دوبارہ جمع کرائی جانی چاہیں (یعنی اہم رابطہ کار رکن، خزانچی میں تبدیلی وغیرہ) |
| | CSWO کو کسی بھی سالانہ یا خصوصی جنرل ممبرشپ میٹنگز سے ایک ماہ پہلے لازمی طور پر اطلاع فراہم کی جانی چاہیے۔ |

# C ملحق ہونے کا طریقہ کار کیا ہے؟

سٹی کے ساتھ الحاق کا عمل پہلے کبھی بھی اتنا آسان نہیں تھا!

| ✓ | مراحل |
|---|---|
| 1 | **CSWO ویب سائٹ پر جائیں** |
| | www.brampton.ca/communitysafety نیویگیٹ کریں |
| | مطلوبہ شرائط اور اہلیت کو پڑھیں ( جو آپ کے لیے www.brampton.ca/communitysafety پر یا اس گائیڈ کے صفحہ 9-10 پر دستیاب ہیں)۔ |
| | اگر ضروری ہو، تو شرائط کے بارے میں مزید معلومات کے لیے CSWO سے (CSWO@brampton.ca) رابطہ کریں۔ |
| 2 | **آن لائن درخواست فارم مکمل کریں** |
| | اگر آپ کی نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن شرائط اور اہلیت کے معیار اتپر پورا اترتی ہو، تو آن لائن درخواست فارم کو درخواستیں قبول کرنے کی مدت کے دوران مکمل کریں۔ مانگے جانے پر متبادل فارمیٹ دستیاب ہیں۔ نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کو درخواست میں CSWO پروجیکٹ ورک پلان اور بجٹ ٹیمپلیٹ کو شامل اور مکمل کرنے کی ضرورت ہو گی۔ |
| | نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز اپنے سوالات یا درخواست کو مکمل کرنے میں مدد کے لیے CSWO سے رابطہ کر سکتی ہیں۔ (CSWO@brampton.ca) |
| 3 | **درخواست کا جائزہ** |
| | CSWO تمام درخواستوں کا جائزہ لے گا اور آٹھ (8) ہفتوں کے اندر منظوری کی حیثیت کے ساتھ جواب دے گا۔ تمام منظوریوں پر CSWO کے ساتھ میٹنگ میں تبادلہ خیال کیا جائے گا اور اس کے بعد فراہم کی جائیں گی۔ CSWO درخواست دہندگان سے ای میل کے ذریعے خط و کتابت کرے گا، ماسوائے کسی دوسری صورت کی درخواست کی گئی ہو۔ |
| 4 | **الحاق شدہ ہونے حیثیت کے لیے CSWO سے ملاقات** |
| | CSWO کامیاب درخواست دہندگان سے رابطہ کر کے نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کے الحاق کے معاہدے پر دستخط کرنے کے لیے ایک میٹنگ شیڈول کرے گا۔ |
| | ایک بار جب نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کو الحاق شدہ ہونے حیثیت مل جاتی ہے، تو وہ قابل اطلاق مراعات کا استعمال شروع کر سکتے ہیں۔ |
| 5 | **دیکھ بھال اور جائزہ** |
| | نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کو CSWO کی کلوز آؤٹ رپورٹ ٹیمپلیٹ کے بعد سال کے آخر تک CSWO کے پاس اپنی سرگرمیوں، میٹنگز، مالیات اور پروجیکٹس کے بارے میں رپورٹ جمع کرانے کی ضرورت ہے۔ الحاق شدہ حیثیت کی تجدید سالانہ بنیادوں پر کروانا ضروری ہے۔ اگرچہ تجدید کے عمل کے حصے کے طور پر |
| | ایک مکمل درخواست فارم کی ضرورت نہیں ہے، تاہم، CSWO کا ایک نمائندہ اوپر دی گئی رپورٹوں کے حوالے سے نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کی قیادت سے رابطہ کرے گا۔ |
| | CSWO نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کی سرگرمیوں، میٹنگز، مالیات اور پروجیکٹس کے جائزے کی بنیاد پر تجدید کی منظوری دے گا۔ علاوہ ازیں، CSWO نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کے الحاق کے معاہدے اور اونٹاریو ہیومن رائٹس کوڈ سے متعلق شکایات پر بھی غور کرے گا۔ |

**نوٹ کریں:** الحاق کی درخواستیں اور فنڈنگ، میونسپل الیکشن کے سال کی متعلقہ تبدیلیوں سے مشروط ہوں گی۔ بلدیاتی انتخابات کی تاریخ کے بعد تک فنڈنگ اور سرگرمیاں روکی جا سکتی ہیں۔

## D سٹی نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کے الحاق میں کیا کردار ادا کرتا ہے؟

سٹی آف برامپٹن، CSWO کے ذریعے اس گائیڈ میں بیان کردہ خدمات فراہم کر کے تمام ملحقہ نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کی مدد کرے گا۔

CSWO کے ذریعے سٹی آف برامپٹن کا نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کے ساتھ تعلق، معاونت اور رہنمائی میں سے ایک ہے۔ نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کی کامیابی کا انحصار ان کے اراکین کے عزم پر ہے۔ CSWO کا کردار ضرورت پڑنے پر رہنمائی فراہم کر کے نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کی مدد کرنا ہے اور نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کے فروغ، ترقی اور پیش رفت کو جاری رکھنے کی صلاحیت میں مدد فراہم کرنا ہے۔ یہ انجمن جتنی مضبوط ہو گی، اتنا ہی یہ اپنے مقامی زیر انتظام علاقوں میں حفاظت اور فلاح و بہبود کو بڑھانے میں کارگر ثابت ہو گی۔

سٹی کسی بھی نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن یا اس کے اراکین کے فیصلوں اور/یا اقدامات کے لیے ذمہ دار نہیں ہے۔

## E الحاق شدہ حیثیت کی منظوری

الحاق شدہ ہونے حیثیت کے لیے درخواستیں CSWO کی طرف سے، دوسرے سٹی ڈویژنوں کے ساتھ مشاورت سے، منظور کی جائیں گی۔ منظوری میں، درخواست کی قابل قبول مدت بند ہو جانے کے بعد، آٹھ (8) ہفتے تک لگ سکتے ہیں۔

منظوری کے بعد، تمام ملحقہ گروپوں کو CSWO کے ساتھ نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کے الحاق کے معاہدے پر دستخط کرنے کے لیے CSWO سے ملاقات کرنی ہو گی۔ یہ معاہدہ ہر نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن سے اس گائیڈ میں بیان کردہ تمام عناصر کی پابندی کرنے کا تقاضہ کرتا ہے۔

الحاق کی حیثیت کی منظوری، منظوری کی تاریخ سے زیادہ سے زیادہ ایک (1) سال کے لیے دی جاتی ہے۔ الحاق شدہ گروپوں کو اپنی حیثیت کو جاری رکھنے کے لیے تجدید کے عمل کے ذریعے CSWO کے ساتھ لازمی طور پر وابستہ رہنا چاہیے۔ اگلے سالوں میں منظوری کی ضمانت نہیں دی جاتی۔

# F الحاق شدہ حیثیت کا خاتمہ

درج ذیل صورتوں میں نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کی الحاق کی حیثیت CSWO کی جانب سے منسوخ کر دی جائے گی اور مستقبل میں مدد کی درخواستوں کو مسترد کیا جا سکتا:

- الحاق کے ذریعے فراہم کردہ خدمات اور مراعات کا غلط استعمال کرنا،
- مالی طور پر ذمہ دارانہ طریقے سے کام کرنے میں ناکامی،
- اونٹاریو ہیومن رائٹس کوڈ کی پابندی کرنے میں ناکام رہنا اور/یا
- نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کے معاہدے سے متصادم طریقے سے کام کرنا۔

الحاق شدہ نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کو اونٹاریو ہیومن رائٹس کوڈ کی لازمی طور پر پابندی کرنی چاہیے۔ ضابطہ کے تحت ممنوعہ بنیادوں پر نسل، نسب، مقام پیدائش، نسلی اصل، شہریت، جنسی رجحان، صنف، جنس سے متعلق کسی بھی قسم کا امتیاز شامل ہونا

کسی کی شناخت، صنفی اظہار، معذوری، رنگ، عقیدہ، عمر، ازدواجی حیثیت، خاندانی حیثیت، انتقامی کارروائی، عوامی امداد کی وصولی (رہائش میں)، جرائم کا ریکارڈ (ملازمت میں) اور کسی بھی وابستگی کی بناء پر امتیازی سلوک برتنا۔

اگر الحاق شدہ نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کے کسی رکن کی طرف سے مندرجہ بالا کسی بھی ممنوعہ طرز عمل کی اطلاع موصول ہوتی ہے، تو الحاق کی حیثیت کا دوبارہ جائزہ لیا جائے گا۔

اور ممکنہ طور پر CSWO کی جانب سے منسوخ کر دی جائے گی۔ اس طرح کے کسی بھی طرز عمل کی رپورٹ متعلقہ CSWO رابطہ کار اور/ یا CSWO انتظامیہ کو دی جا سکتی ہے۔ CSWO ممنوعہ طرز عمل کی رپورٹس کا جائزہ لینے کے لیے پرعزم ہے اور ایسا اس انداز سے کیا جاتا ہے جس سے شکایت کنندہ کا بہترین تحفظ کیا جائے۔ CSWO ممنوعہ طرز عمل کی رپورٹس پر کارروائی کے مختلف درجات کے ساتھ جواب دے سکتا ہے، بشمول انتباہات اور الحاق شدہ حیثیت کو ختم کرنے

تک محدود نہیں۔ ایسی نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز جو معاہدے سے متصادم کام کرنے والے کسی رکن کے حوالے سے تعاون چاہتی ہیں، وہ مدد کے لیے CSWO سے رابطہ کر سکتی ہیں۔

نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کسی بھی وقت خود بھی الحاق شدہ حیثیت کو ختم کر سکتی ہیں۔ الحاق ختم کرنے کی درخواستیں CSWO کو تحریری طور پر دی جانی چاہیں (بذریعہ CSWO@brampton.ca) اور اس پر گروپ کے مرکزی رابطہ کار کی جانب سے دستخط کیے جائیں۔



COMMUNITY SAFETY
& WELL-BEING

# حصہ چار

# لوگوں کو جوڑنا

"میرے پڑوس میں ایک نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن بنانے کی ضرورت ہے کیونکہ پڑوسی آپس میں جڑے ہوئے نہیں ہیں اور یہاں پر کسی کو اپنائیت کا احساس نہیں ہوتا۔"

- رہائشیوں کا نرچرنگ نیبرہُڈز پروگرام سروے

برامپٹن کے محلے مختلف پس منظروں پر مشتمل تنوع اور ثقافت سے مالا مال ہیں۔ یہ یقینی بنانا بہت ضروری ہے کہ ایسی انجمنیں بنانے کی ہر ممکن کوشش کی جائے جو اپنے محلوں کی صحیح معنوں میں نمائندگی کرتی ہوں۔ اس کو حاصل کرنے کے لیے، نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کے اراکین کے انتخاب کی حکمت عملی میں سب کو شامل کیا جانا چاہیے اور درج ذیل مختلف عوامل پر غور کیا جانا چاہیے:

| قابل غور پہلو | ✓ |
|---|---|
| خاندانوں کی قسم | |
| ثقافت اور مذہب | |
| عمر کی حدود | |
| زبانیں | |
| صلاحیتیں | |
| جنس اور/یا جنسی شناخت | |
| جنسیت | |

## A شروع کیسے کریں!

پڑوسیوں سے جڑنے اور نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن شروع کرنے کے لیے درج ذیل مفید تجاویز پر عمل کریں:

| مراحل | ✓ |
|---|---|
| **اپنے پڑوسیوں سے ملیں** | **1** |
| اپنے پڑوسیوں کو جانیں! | |
| پڑوسیوں کے ایک گروپ کو اکٹھا کریں جو پڑوس میں حفاظت اور فلاح و بہبود کو بہتر بنانے کے مشترکہ مفاد میں شریک ہوں۔ | |
| یہ معلوم کرنے کے لیے کہ آیا آپ کے علاقے میں کوئی نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن پہلے سے موجود ہے، CSWO سے رابطہ کریں۔ | |
| **گروپ میں ایک گفتگو شروع کریں** | **2** |
| مفت آن لائن سوشل/ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر ایک ورچوئل گروپ گفتگو شروع کریں۔ مدد اور خیالات کے لیے CSWO سے (CSWO@brampton.ca) پر رابطہ کریں۔ | |
| اپنے قریبی کمیونٹی پارک یا پگڈنڈی پر ذاتی طور پر گروپ گفتگو شروع کریں۔ | |
| یقینی بنائیں کہ مواصلات کا طریقہ (طریقے) ان لوگوں کے مطابق ہونا چاہیے جو ٹیکنالوجی تک مختلف نوعیت کی رسائی رکھتے ہیں اور زبان کی رکاوٹوں کو بھی دھیان میں رکھیں۔ | |
| بات چیت کرنے کے لیے ممکنہ عنوانات: حفاظت، خوبصورتی، جڑے رہنا، وسائل تک رسائی۔ | |

| مراحل | ✓ |
|---|---|
| **رسمی بنانا** | **3** |
| اب تک جو شامل ہیں، ان پڑوسیوں کے ایک گروپ کے ساتھ مل کر ایک باضابطہ نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن قائم کریں۔ | |
| گروپ کا کوئی موزوں نام رکھیں، مثال کے طور پر: آپ کا "سڑک کا نام/ محلے کا نام نیبر ہڈ ایسوسی ایشن۔" | |
| CSWO عملے کی مدد سے اپنی جغرافیائی حدود کی شناخت کریں اور اسے حتمی شکل دیں۔ | |
| حدود، ہدایات، ساخت اور مواصلات کے قواعد و ضوابط بنائیں۔ | |
| **پڑوس کی واک کا منصوبہ بنائیں** | **4** |
| اپنے پڑوسیوں کے ساتھ اپنے محلے میں ہلکی پھلکی چہل قدمی کریں اور اس بارے میں بات چیت کریں کہ آپ کیا پسند کرتے ہیں اور آپ کیا بہتر دیکھنا چاہتے ہیں۔ | |
| اہداف، ترجیحات اور پڑوس کے لیے ایک مجموعی نقطہ نظر قائم کریں۔ | |
| پڑوس کے اثاثوں کی شناخت کریں۔ | |
| **بات چیت جاری رکھیں!** | **5** |
| اپنی نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کے لیے ایک ڈھانچے کا تعین کریں، بشمول ٹائم لائنز، خدوخال اور میٹنگز وغیرہ۔ | |
| مستقبل کے پروجیکٹس اور فیصلوں پر ووٹ دینے کے اپنے گروپ کے پسندیدہ طریقہ کار کی نشاندہی کریں۔ CSWO تجویز کرتا ہے کہ کورم کی تکمیل یا ووٹنگ کرانے کے لیے موجود اراکین کی کم از کم تعداد کا تعین کریں اور 50% +1 ووٹنگ کی حد کا تعین کرنے پر غور کیا جائے۔<br>گروپ کی مجموعی خواہشات۔ اس طریقہ کار کا مقصد کسی بھی کام کے لیے ووٹنگ کی حاضری کے حوالے سے اراکین پر غیر ضروری بوجھ ڈالے بغیر اپنے محلے کی متفقہ ضروریات اور خواہشات کو ظاہر کرنا ہے۔ | |
| میٹنگز/مواصلات کی تعداد کا تعین کریں۔ | |
| ایک گروپ کے طور پر شناخت شدہ اپنی ترجیحات کے بارے میں ملاقاتیں کرنا اور بات چیت کرنا جاری رکھیں۔ | |

# B ممبران کو کیسے متحرک اور شامل رکھا جائے!

نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کمیونٹی میں بہت بڑا اثر ڈال سکتی ہیں۔ درج ذیل تجاویز اس گروپ کو متحرک رکھ سکتی ہیں اور نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کی سرگرمیوں میں اراکین کی جانب سے باقاعدہ شرکت کرتے رہنے کے عمل کو برقرار رکھ سکتی ہیں۔

| ✓ | مراحل |
|---|---|
| 1 | **ڈھانچہ متعین کریں** |
| | رکنیت کی شرائط، پڑوس کی حدود، نظم و نسق، مقصد، وژن، اور اقدار کے لیے ایک ڈھانچہ کی وضاحت اور تشکیل کریں۔ |
| 2 | **مواصلاتی چینل قائم کریں** |
| | ایک یا زیادہ چینلز (یعنی نیوز لیٹر یا سوشل/ڈیجیٹل پلیٹ فارمز) کے ذریعے اپنے اراکین کے ساتھ باقاعدگی سے بات چیت کریں۔ |
| 3 | **مشترکہ مفادات/مسائل پر تبادلہ خیال کریں** |
| | مل کر آئیں اور مسائل کو حل کرنے کے لیے آپس میں تعاون کریں یا پڑوس میں مشترکہ مفادات یا مسائل کے بارے میں جانیں، مثلاً حفاظت، وسائل تک رسائی اور عمل درآمد کرنا، وغیرہ۔ |
| 4 | **باقاعدگی سے ملاقاتیں کریں** |
| | ایک مناسب جگہ بُک کروائیں، جو تمام اراکین کے لیے آسان اور قابل رسائی ہو۔ میٹنگ کو ٹریک پر رکھنے کے لیے ایک ایجنڈا تیار کریں۔ بحث کی قیادت کرنے کے لیے ایک رکن کو مقرر کریں۔<br>جوابدہی کے لیے میٹنگ کے بحث مباحثوں کے نوٹس، قابل کاروائی امور، فیصلوں اور نتائج کا باہمی اشتراک کریں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام میٹنگ مواصلات شفاف اور سب کے لیے قابل رسائی ہونی چاہیں۔ |
| 5 | **اہم فیصلوں اور پروجیکٹس پر ووٹنگ کرائیں** |
| | کلیدی فیصلوں اور ایسے پروجیکٹس پر ووٹ لینے کے عمل کا انعقاد کرتے ہوئے اراکین کو مشغول رکھیں، جن پر آپ کا گروپ عمل کرنا چاہتا ہے۔ یہ عمل اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ کمیونٹی کی آواز سنی جاتی ہے اور اس سے نیبر ہڈ ایسوسی ایشن کی سرگرمیوں میں اراکین میں ملکیت کے احساس کو بڑھانے میں مدد ملتی ہے۔ |
| 6 | **باقاعدگی سے تقریبات منعقد کریں** |
| | تقریبات کی منصوبہ بندی اور ان میں شرکت کے ذریعے اراکین کو مشغول کریں مثلاً محلے کے سماجی اجتماعات، پڑوس کے دورے اور چہل قدمی اور اپنے پڑوسیوں سے مل جلنے کے دیگر تفریحی مواقع کا انعقاد کریں۔ |



COMMUNITY SAFETY & WELL-BEING

# حصہ پانچ

# کاروائی کرنا

# A ‏سٹی کی جانب سے نرچرڈ نیبر ہُڈ گرانٹ حاصل کرنے کے مواقع

2024 کے بجٹ میں مختص کردہ فنڈز میں سے، CSWO کی جانب سے مقامی نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کو سپورٹ کرنے کے لیے مالی معاونت کا وسیلہ فراہم کیا جائے گا۔

برامپٹن میں کام کرنے والی نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کو الحاق کرنے کے لیے درخواست دینے کا موقع بھی ملے گا۔ الحاق کی درخواست منظور ہونے کے بعد، CSWO نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کے نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کی پروجیکٹس کی فہرست میں سے پروجیکٹس/اقدامات کے لیے نرچرڈ نیبر ہُڈ گرانٹ سے فنڈ اور درج ذیل کے لیے رسائی فراہم کرے گا:

- سٹی ہال ویسٹ ٹاور (دوسری اور تیسری منزل) میں سٹی کی اپنی ملکیت والی بورڈ روم کی جگہ۔
- عوامی مقامات کی تزئین و آرائش، صفائی ستھرائی اور پڑوس کی پراپرٹیز کی دیکھ بھال کے لیے فعال انداز اختیار کرنے سے متعلق پروجیکٹس۔
- اسٹریٹ پارٹیز اور اسٹریٹ بار بی کیو جیسے ایونٹس کے ذریعے پڑوس میں تعلق کے احساس کو بڑھانے سے متعلق پروجیکٹس۔

سٹی ہمارے محلوں کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کرنے کی کوششوں میں پڑوسی ایسوسی ایشنز کی مدد کرتا ہے۔ CSWO کا ایک کلیدی ہدف اس عمل کے لیے وسائل، معاونتیں اور مدد فراہم کرنا ہے اور اپنے رہائشیوں کے لیے ان کے محلوں میں شاندار کاموں کو انجام دینے کے لیے انہیں ممکن حد تک آسان بنانا ہے۔

کیا آپ کو نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن پروجیکٹ شروع کرنے میں مدد کی ضرورت ہے؟ درج ذیل مددگار چیک لسٹ پر عمل کریں:

| ✓ | کرنے کے کام |
|---|---|
| | اپنی نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کے لیے ایک پروجیکٹ پر غور کریں! مقصد ایک ایسا پروجیکٹ ہونا چاہیے، جو کمیونٹی کی حفاظت اور فلاح و بہبود کو فروغ دیتا ہو۔ |
| | کارروائی کی ترغیب دینے کے لیے اپنی نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کو فعال بنائیں، پروجیکٹ کو آگے بڑھائیں اور ایسے لوگوں کی شناخت کریں جو پروجیکٹ کی قیادت یا حمایت کرنے کے خواہاں ہیں۔ |
| | پروجیکٹ کا بجٹ تیار کریں۔ پروجیکٹ کی لاگت کا تعین کریں، بشمول آپ کو درکار مواد یا آلات کے تخمینے۔ |
| | اپنا پروجیکٹ پلان اور CSWO سے الحاق کے لیے درخواست جمع کروائیں۔ اس میں متعلقہ اخراجات سمیت دیگر مالی تفصیلات بھی شامل ہونی چاہیں۔ |
| | اسے ممکن بنائیں! |
| | پروجیکٹ کی تکمیل پر CSWO اور BCSAC کے پاس رپورٹ جمع کرائیں۔ خریدے گئے ہر طرح کے مواد یا دیگر متعلقہ اخراجات کے متعلق تفصیلات شامل کریں۔ |

نرچرڈ نیبر ہُڈ گرانٹ تک رسائی کے لیے CSWO کی رہنماء ہدایات پر عمل کرنا چاہیے، جو درخواست دہندگان سے توقع کی جاتی ہے:

| شرائط | ✓ |
| --- | --- |
| نتائج اور اقدامات کا خاکہ۔ | |
| پروجیکٹ (پروجیکٹس)، میٹنگ (میٹنگز) یا ایونٹ (ایونٹس) کو کمیونٹی سیفٹی ایکشن پلان کے مطابق انجام دیں۔ | |
| پروجیکٹ کی تکمیل پر نتائج اور اخراجات کے بارے میں CSWO اور BCSAC کے پاس رپورٹ جمع کرائیں۔ | |

## B نرچرڈ نیبر ہُڈ گرانٹ کے ممکنہ استعمالات

کامیاب الحاق شدہ نیبر ہڈ ایسوسی ایشن کے درخواست دہندگان کے پاس CSWO کی جانب سے مہیا کی جانے والی نرچرڈ نیبر ہُڈ گرانٹ کو کمیونٹی سیفٹی ایکشن پلان کے مطابق متعدد مقاصد کے لیے استعمال کرنے کا موقع ہوتا ہے، جن میں ذیل میں بیان کردہ قابل توجہ شعبے اور متعلقہ پروجیکٹس شامل ہیں۔

- ***حفاظت:*** حفاظت اور محلے کے مقامات کو بہتر بنانے کے اقدامات کو منظم کرنا اور انہیں عملی جامہ پہنانا۔ بصری طور پر دلکش نظر آنے والا محلہ پڑوس کے بارے میں مجموعی تاثر کو بہتر بناتا ہے اور مقامی علاقے کی بہتری کے اقدامات میں وہاں کے رہائشیوں کی دلچسپی کو ظاہر کرتا ہے۔
- ***آگاہی:*** محلے کی تقریبات، میٹنگز اور/یا واکنگ ٹؤرز کا انعقاد اور بندوبست کرنا تاکہ پڑوس کے تصوّرات اور اہداف پر تبادلہ خیال کیا جا سکے اور لوگوں کو وسائل اور معلومات سے مربوط کیا جا سکے۔
- ***بااختیار بنانا:*** محلے کے اندر باہمی تعلقات کو فروغ دینا اور علاقے کو سب کے لیے دلکش بنانے کے لیے کام کرنا۔

ممکنہ منصوبے جو حفاظت، آگاہی اور بااختیار بنانے کے شعبوں میں آتے ہیں ان کا خاکہ آگے دیا گیا ہے:

| ✓ | پروجیکٹ | تفصیل | مرکزی خیال | دستیاب فنڈنگ |
|---|---|---|---|---|
| | کوڑے کرکٹ کی صفائی | پارکوں، پگڈنڈیوں، اسکولوں اور دیگر عوامی مقامات میں اور ان کے آس پاس کوڑا کرکٹ اٹھانے کے لیے محلے کی صفائی کی تقریب کا اہتمام کریں۔ سٹی کے پارکس کلین اپ پروگرام کے بارے میں مزید معلومات آن لائن طور پر دستیاب ہے۔ | تزئین و آرائش | $1,500 تک |
| | گرافٹی ہٹانا | اپنے پڑوس میں ان علاقوں کی نشاندہی کریں جہاں گرافٹی کو ہٹانے کی ضرورت ہے۔ گرافٹی ہٹانے کی سرگرمیوں/دوبارہ پینٹنگ/کلین اپ میں حصہ لیں۔ بحالی کا ایک منصوبہ تیار کریں۔<br>اس پروجیکٹ کو شروع کرنے سے پہلے مناسب مواد اور دیکھ بھال کے معیار کا تعین CSWO اور قابل اطلاق سٹی ڈویژنوں کے ساتھ مل کر کیا جانا چاہیے۔ | تزئین و آرائش | $1,500 تک |
| | عوامی مقامات پر فلاور پلانٹرز | فلاور پلانٹرز کو نصب کرنے کے لیے محلے میں موجود اہم عوامی جگہوں کی نشاندہی کرنا اور فلاور پلانٹرز کی بعد میں دیکھ بھال جاری رکھنے کے لیے ایک منصوبہ تیار کرنا اور نافذ کرنا۔<br>یہ پروجیکٹ سٹی آف برامپٹن پارکس مینٹیننس اینڈ فاریسٹری ڈویژن کی جانب سے ایک فزیبلٹی اسٹڈی کے بعد اور ان کے ساتھ مشاورت سے انجام دیا جانا چاہیے مگر یہ اس پر عمل درآمد کے ذمہ دار نہیں ہو گا۔ | تزئین و آرائش | $1,500 تک |
| | ٹریفک کو پرسکون کرنے کے لیے فلاور پلانٹرز (سڑکوں کے درمیانی گرین ایریاز کی سجاوٹ) | پیدل چلنے والوں، سائیکل سواروں اور موٹرسائیکلوں کے لیے ٹریفک کے دوران حفاظت کو بہتر بنانے کے لیے ایک مفید ڈیزائن کے عنصر کے طور پر فلاور پلانٹرز یا سڑکوں کے درمیان گرین ایریاز کو خوبصورت بنانے کے مقصد کے لیے اپنے مقامی علاقے میں موجود مقامی سڑکوں کی شناخت کریں۔<br>یہ پروجیکٹ سٹی آف برامپٹن پبلک ورکس اینڈ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ اور پارکس مینٹیننس اینڈ فاریسٹری ڈویژن کی جانب سے فزیبلٹی اسٹڈی کی روشنی میں اور ان کی مشاورت سے کیا جانا چاہیے مگر یہ اس پر عمل درآمد کے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔ | حفاظت کے لیے | $1,500 تک |





| ✓ | پروجیکٹ | تفصیل | مرکزی خیال | دستیاب فنڈنگ |
|---|---|---|---|---|
| | عوام کے لیے بینچوں کی تنصیب | پڑوس میں ایسے علاقوں کی نشاندہی کریں جہاں عوام کے بیٹھنے کے لیے بینچ لگائے جا سکتے ہیں۔ بینچ لگانے کے بارے میں مزید معلومات آن لائن دستیاب ہے۔ | جگہ بنانا | $1,500 تک |
| | کوڑا کرکٹ کے ذخیروں کی آرائش | کچرے کے ذخیروں کو پینٹ کرنے، استعمال کی حوصلہ افزائی اور کوڑا پھیلانے کی حوصلہ شکنی کرنے کے لیے اپنے پڑوس کے زیر قیادت پروجیکٹ کے لیے مقامی فنکاروں کی کی خدمات حاصل کریں۔<br>اس پروجیکٹ کو شروع کرنے سے پہلے مناسب مواد اور دیکھ بھال کے معیار کا تعین CSWO اور قابل اطلاق سٹی ڈویژنوں کے ساتھ مل کر کیا جانا چاہیے مگر یہ اس کی تکمیل کے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔ | تزئین و آرائش کے لیے | $1,500 تک |
| | معلوماتی بورڈ | پڑوس میں معلومات/وسائل کے لیے بورڈز کی تنصیب کے لیے موزوں جگہوں کی نشاندہی کریں اور معلومات کی دستیابی اور کوڑا کرکٹ سے بچنے کے لیے دیکھ بھال کا ایک منصوبہ بنائیں۔ | جگہ بنانا | $1,500 تک |
| | پاپ اپ لائبریریاں | پڑوس کی پاپ اپ لائبریری کے لیے موزوں جگہوں کی نشاندہی کرنا اور ان کے لیے وسائل پیدا کرنا۔<br>اس پروجیکٹ کو شروع کرنے سے پہلے مناسب مواد اور دیکھ بھال کے معیار کا تعین CSWO اور قابل اطلاق سٹی ڈویژنوں کے ساتھ مل کر کیا جانا چاہیے۔ | جگہ بنانا | $1,500 تک |
| | پوپ اپ مارکیٹس | پڑوس کی پوپ اپ مارکیٹ کے لیے موزوں جگہوں کی نشاندہی کرنا اور ان کے لیے وسائل پیدا کرنا۔<br>اس پروجیکٹ کو شروع کرنے سے پہلے مناسب مواد اور دیکھ بھال کے معیار کا تعین CSWO اور قابل اطلاق سٹی ڈویژنوں کے ساتھ مل کر کیا جانا چاہیے۔ | جگہ بنانا | $1,500 تک |

| ✓ | پروجیکٹ | تفصیل | مرکزی خیال | دستیاب فنڈنگ |
|---|---|---|---|---|
| | اڈاپ اے پارک | رضاکار اپنے سٹی پارک کی دیکھ بھال، خوبصورتی اور کھلی جگہوں کو بہتر بنانے میں مدد کے لیے وقت اور وسائل کا عطیہ دے سکتے ہیں۔<br>مقامی مقامات اور پارک کو محفوظ رکھیں تاکہ سب لوگ لطف اندوز ہو سکیں۔ ایک پارک کو اپنانے سے، رضاکاروں کا ایک گروپ کسی پارک کو اپنانے کی دو سالہ مدت کے دوران<br>سرپرستی کی چھ (6) عدد سرگرمیاں یا پروگرام منعقد کرنے کا عہد کرتا ہے۔ مزید معلومات آن | احساس ملکیت | $1,500 تک |
| | علاقے کے داخلی مقامات پر پھولوں کی کیاریاں | علاقے کے داخلی مقامات پر پھولوں کی کیاریوں کے ڈیزائن اور پودے لگانے میں معاونت یا رہنمائی کی فراہمی۔<br>311 سروس کی درخواست جمع کروانے کے بعد سٹی کے پارکس مینٹیننس اینڈ فاریسٹری ڈویژن کی جانب سے اس پروجیکٹ کا جائزہ لیا جائے گا اور اس پر کارروائی کی جائے گی۔ | تزئین و آرائش کے لیے | $1,500 تک |
| | راستہ تلاش کرنے کے معاون نشانات | اپنے علاقے میں ایسے مقامات کی نشاندہی کریں جن میں نئے یا اضافی راستے تلاش کرنے والے اشاروں کی ضرورت ہو۔<br>یہ پروجیکٹ سٹی کے متعلقہ محکموں کی جانب سے قابل عمل اسٹیڈیز کے مشوروں کے مطابق انجام دیا جانا چاہیے جو اس کی تکمیل کے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔ | جگہ بنانا | $1,500 تک |



| ✓ | پروجیکٹ | تفصیل | مرکزی خیال | دستیاب فنڈنگ |
|---|---|---|---|---|
| | پینٹ شدہ پگڈنڈیاں | محلے کی پگڈنڈیوں کو پینٹ کرنے، خوبصورت بنانے اور پڑوس کے اندر ایک احساس ملکیت پیدا کرنے کے لیے پڑوس کے زیرقیادت پروجیکٹس کے لیے مقامی فنکاروں کی خدمات سے استفادہ حاصل کریں۔<br>اس پروجیکٹ کو شروع کرنے سے پہلے مناسب مواد اور دیکھ بھال کے معیار کا تعین CSWO اور قابل اطلاق سٹی ڈویژنوں کے ساتھ مل کر کیا جانا چاہیے مگر یہ اس کی تکمیل کے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔ | جگہ بنانا | $1,500 تک |
| | کثیر المقاصد کورٹس پر آرٹ ورک | کثیر المقاصد کورٹس کی آرائش کے لیے اہل محلہ کی قیادت میں مقامی فنکاروں کے ساتھ شراکت داری۔<br>اس پروجیکٹ کو شروع کرنے سے پہلے مناسب مواد اور دیکھ بھال کے معیار کا تعین CSWO اور قابل اطلاق سٹی ڈویژنوں کے ساتھ مل کر کیا جانا چاہیے۔ تکمیل کی ذمہ داری نہیں ہو گی۔ | تزئین و آرائش کے لیے | $1,500 تک |
| | اسٹریٹ پارٹیاں | اپنی نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کے ساتھ اسٹریٹ پارٹی کا منصوبہ بنائیں اور منعقد کریں۔ جامع سرگرمیوں اور تفریحی گیمز 'ایک دوسرے کو جاننے کے لیے' کا انعقاد کریں تاکہ پڑوس کے اندر ایک باہمی تعلق کا احساس پیدا ہو۔<br>مناسب اجازت نامے حاصل کرنے کے لیے یہ پروجیکٹ سٹی کے قابل اطلاق محکموں کی مشاورت سے انجام دیا جانا چاہیے۔ | احساس ملکیت | $1,500 تک |
| | اسٹریٹ باربی کیو | اپنی نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کے ساتھ اسٹریٹ باربی کیو کا منصوبہ بنائیں اور منعقد کریں۔ جامع سرگرمیوں اور تفریحی گیمز 'ایک دوسرے کو جاننے کے لیے' کا انعقاد کریں تاکہ پڑوس کے اندر ایک باہمی تعلق کا احساس پیدا ہو۔<br>مناسب اجازت نامے حاصل کرنے کے لیے یہ پروجیکٹ سٹی کے قابل اطلاق محکموں کی مشاورت سے انجام دیا جانا چاہیے۔ | احساس ملکیت | Up to $1,500 |





| ✓ | پروجیکٹ | تفصیل | مرکزی خیال | دستیاب فنڈنگ |
|---|---|---|---|---|
| | نوجوانوں کی شمولیت | کمیونٹی کے نوجوانوں کو شامل کرنے کے لیے ڈیزائن کردہ کمیونٹی اجتماعات کی منصوبہ بندی کریں اور انعقاد کریں، مثلاً پارک میں فلم یا گیمز کی شام کا انعقاد کرنا۔<br>مناسب اجازت نامے حاصل کرنے کے لیے یہ پروجیکٹ سٹی کے قابل اطلاق محکموں کی مشاورت سے انجام دیا جانا چاہیے۔ | احساس ملکیت | $1,500 تک |
| | جگہ تک رسائی | میونسپل جگہ تک رسائی حاصل کریں، مثلاً تفریحی مراکز میں کمیونٹی رومز یا نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کے پروگراموں، ایگزیکٹو میٹنگز یا ممبرشپ میٹنگز کے لیے پارکس کو استعمال میں لانا۔ | مربوطیت | $1,500 تک |
| | کتوں اور/یا پالتو جانوروں سے متعلق کمیونٹی پارٹیاں | کتوں اور/یا پالتو جانوروں کے مالکان کو جوڑنے کے لیے ڈیزائن کردہ کمیونٹی کے اجتماعات کا منصوبہ بنائیں اور منعقد کریں، مثلاً کتوں کی سیر یا پالتو جانوروں کا شو منقد کرنا۔<br>مناسب اجازت نامے حاصل کرنے کے لیے یہ پروجیکٹ سٹی کے قابل اطلاق محکموں کی مشاورت سے انجام دیا جانا چاہیے۔ | احساس ملکیت | $1,500 تک |
| | کمیونٹی فٹنس ایونٹس | پڑوسیوں کو جوڑنے اور جسمانی سرگرمی کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے پارک میں یو گا جیسے کمیونٹی فٹنس ایونٹس کا منصوبہ بنائیں اور ان کا انعقاد کریں۔<br>مناسب اجازت نامے حاصل کرنے کے لیے یہ پروجیکٹ سٹی کے قابل اطلاق محکموں کی مشاورت سے انجام دیا جانا چاہیے۔ | احساس ملکیت | $1,500 تک |
| | سیکھنے کے ایوینٹس | مقامی مسائل اور مواقع کے بارے میں کمیونٹی کے علم میں اضافہ کرنے کے لیے مقامی ماہرین اور مقامی لوگوں کے ساتھ مل کر موزوں نوعیت کا کمیونٹی لرننگ نائٹ کا منصوبہ بنائیں اور اس کا انعقاد کریں۔<br>مقررین کے لیے اعزازیہ فراہم کرنے کے لیے فنڈز کا کچھ حصہ استعمال کیا جانا چاہیے۔ | مربوطیت | $1,500 تک |

**نوٹ کریں:** مندرجہ بالا جدول میں درج تمام ممکنہ پروجیکٹس کی ٹائم لائنز مختلف ہوتی ہیں۔ پروجیکٹ کی قابل اطلاق ٹائم لائنز کے لیے **CSWO** سے مربوط رہیں۔

## C فی سال پروجیکٹس کی تعداد

الحاق شدہ نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کو اجازت ہوتی ہے کہ وہ نرچرڈ نیبر ہُڈ گرانٹ سے مالی معاونت کے حصول کے لیے درخواست دے سکتے ہیں کہ وہ اپنی نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کی مخصوص جغرافیائی حدود کے اندر زیادہ سے زیادہ پروجیکٹس/ اقدامات کے لیے کل $ 1,500 کی مالی معاونت حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر ایک الحاق شدہ نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کی جغرافیائی حدود کے لیے اضافی پراجیکٹس کی ضرورت ہو، تو یہ گروپ CSWO سے ہر سال متعدد پراجیکٹس/اقدامات پر عمل درآمد کے لیے اضافی اختیارات کے لیے بھی رابطہ کر سکتا ہے۔

ایک ہی جغرافیائی حدود کے اندر موجود ایک سے زیادہ متعدد نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کو فنڈنگ کے لیے بیک وقت درخواست دینے کی اجازت نہیں ہے۔ CSWO اجتماعی فیصلہ کرنے کے لیے تمام درخواستوں اور حدود کا جائزہ لے گا۔

CSWO موجودہ نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز اور ان کی حدود کے بارے میں معلومات فراہم کر کے مدد دے سکتا ہے اور کسی خاص علاقے میں باہمی تضاد کے کسی بھی معاملے کو حل کرنے میں مدد فراہم کر سکتا ہے۔

## D کامیاب پروجیکٹس

امیاب درخواست دہندگان کو CSWO کو اپنے کاموں پر عمل درآمد کی رپورٹ جمع کرانے کی ضرورت ہو گی۔

BCSAC اپنے منصوبوں پر، اس بات کو یقینی بنانے کے طریقہ کار کے طور پر کہ فنڈز کا استعمال پڑوس کی خوبصورتی اور حفاظت کے لیے کیا گیا ہو، انہیں CSWO کواڈرینٹ کنیکشن میٹنگز اور ورکشاپس میں شرکت کے لیے مدعو کیا جائے گا تاکہ وہ اپنے پروجیکٹس پر ہونے والی پیش رفت کو اپنی کمیونٹی کے ساتھ شیئر کریں۔

CSWO نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کے کاموں کے نتیجے میں ان کے علاقے میں حفاظت اور فلاح و بہبود پر پڑنے والے اثرات کا جائزہ لے گا۔

خوبصورتی اور بہتر حفاظتی پروجیکٹس پر اجتماعی اقدامات اور نرچرڈ نیبر ہُڈ گرانٹ کی کامیابی کا تعین کرنے کے اقدام کے طور پر ان کی پیش رفت اور نتائج کو ٹریک کریں گے۔ CSWO اس عمل کے حصے کے طور پر نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کے ساتھ فالو اپ کر سکتا ہے۔

***"پڑوسیوں پر مشتمل تہواروں اور تقریبات سے پڑوسیوں کے درمیان روابط اور ایک خوشحال کمیونٹی کی تعمیر میں مدد ملے گی، جو ذاتی فلاح و بہبود، حفاظت، سلامتی اور تقریبات اور مشکلات میں ایک دوسرے کا ساتھ دینے کی صلاحیت میں اضافے کا ایک اہم عنصر ہے۔"***

- رہائشیوں کا نرچرنگ نیبرہُڈز پروگرام سروے



COMMUNITY SAFETY
& WELL-BEING

# حصہ چھ

# پڑوس کا ایکشن پلان

# پلان

# A پڑوس کا ایکشن پلان کیوں بنائیں؟

رہائشیوں کے اجتماعی خیالات اور نظریات کو ایکشن پلان کا حصہ بنانے کی بہت سی وجوہات ہیں - جن کے فوائد میں درج ذیل شامل ہیں:

| ✓ | فوائد |
|---|---|
| | پڑوس کے بارے میں معلومات میں اضافہ کرنا۔ |
| | پڑوسیوں سے جڑنے اور باہمی جان پہچان کے مواقع میں اضافہ ہونا۔ |
| | پڑوس کے اندر ملکیت کے احساس میں اضافہ کرنا۔ |
| | رہائشیوں کے لیے پڑوس میں شامل ہونے اور مشغول ہونے کے مواقع میں اضافہ کرنا۔ |
| | محلوں میں حفاظت، معلومات تک رسائی اور بااختیار بنانے میں اضافہ کرنا۔ |
| | پڑوس میں صلاحیت سازی اور قیادت کے مواقع میں اضافہ کرنا۔ |

پڑوس کے ایکشن پلانز کے ذریعے، نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کو اپنے مقامی علاقوں کو بہتر بنانے کے لیے بااختیار بنایا گیا ہے، جہاں ہر کوئی خود کو محفوظ محسوس کرے، ان سے تعلق کا احساس پیدا ہو، اور معلومات اور وہ دستیاب شدہ وسائل سے جڑے ہوں۔

پڑوس کے ایکشن پلانز پڑوس کے مستقبل کی تشکیل کے لیے مختصر، درمیانی اور طویل مدتی ایسے اہداف کی شناخت کرتے ہیں، جو رہائشیوں کی جانب سے متعین کیے گئے پڑوس کے وژن تک پہنچنے کے لیے قابل عمل اقدامات کے ساتھ مل کر حاصل کیے جاتے ہیں۔

پڑوس کے ایکشن پلانز کی ترقی اور نفاذ میں CSWO نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کی مدد کر سکتا ہے۔ پڑوس کے ایکشن پلان کے ٹیمپلیٹ تک رسائی حاصل کرنے کے لیے براہ کرم CSWO سے رابطہ کریں۔

***"پڑوسیوں سے زیادہ واقف ہونے اور خود کو محفوظ محسوس کرنے میں ہماری مدد کرتا ہے۔"***

- رہائشیوں کا نرچرنگ نیبرہُڈز پروگرام سروے

# B نقطہ نظر

ذیل میں بیان کردہ آٹھ (8) اصول آپ کی نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کے لیے پڑوس کے ایکشن پلانز بنانے کے طریقہ کار کا خاکہ پیش کرتے ہیں۔ اس حقیقت کو تسلیم کرتے ہوئے کہ ہر محلہ منفرد ہوتا ہے، یہ اصول محلوں کو شامل کرنے اور اس کے لیے کام کرنے کے لیے کچھ مشترکہ بنیادیں متعین کرنے کے لیے فراہم کیے گئے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 | رہائشیوں کی زیرقیادت | رہائشی خود اپنے اقدامات کی قیادت کریں گے اور ان تصوّرات اور پروجیکٹس میں اپنا کردار ادا کریں گے جو ان کے پڑوس پر مثبت اثرات مرتب کرتے ہیں۔ |
| 2 | عمل پر مبنی | رہائشی خود بامعنی اور قابل پیمائش کارروائیوں اور اپنے پڑوس میں مثبت تبدیلیاں لانے کے لیے خود اپنے تصوّرات اور منصوبے تیار کریں گے۔ |
| 3 | اثاثوں پر توجہ دینا | رہائشی ان سہولیات اور اثاثوں پر توجہ مرکوز کریں گے جو ان کے پڑوس میں پائی جاتی ہیں اور اس کے لیے راستے تلاش کریں گے کہ ان کا زیادہ سے زیادہ استعمال ان کے پڑوسی علاقوں کے بہترین مفاد میں ہونا چاہیے۔ |
| 4 | مشمولیت اور تعاون پر مبنی | رہائشی اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پڑوس کی انجمن کے اندر مل کر کام کریں گے کہ ان کے طرز عمل اور پروگرام منصافہ مساوی اور تمام اراکین کے لیے ملکیت کے احساس کو فروغ دیتے ہوں۔ |
| 5 | قابل حصول نتائج | رہائشی ایسے منصوبوں اور اقدامات پر کام کریں گے جو دستیاب فنڈنگ (فنڈ ریزنگ یا کمیونٹی گرانٹس کے ذریعے) کی بنیاد پر حقیقت پسندانہ اور قابل حصول ہوں۔ |
| 6 | مثبت اثرات | ایکشن پلان کو ایسے منصوبوں کی نشاندہی اور ان پر عمل درآمد کرنا چاہیے جو پڑوس کے لیے مثبت اثرات اور تبدیلی کا باعث بن سکتے ہوں۔ |
| 7 | قابل پیمائش | پروجیکٹس اور اقدامات کی اطلاع CSWO کو اعداد و شمار اور مکمل ڈیٹا کے ساتھ دی جانی چاہیے، جو مثبت اثرات اور نتائج کو ظاہر کرتے ہوں۔ |
| 8 | قابل احتساب | نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کو معاہدے میں بیان کردہ طرز عمل کے معیار پر رکھا جائے گا اور ان سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اپنے فنڈز اور/یا پروجیکٹس کو<br>نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کے الحاق کے پروگرام کے اہداف کے مطابق ترتیب دیں۔ |

# C اثاثہ جات کی شناخت کی سرگرمی

**میرے پڑوس میں کتنی کمیونٹیز آباد ہیں؟**
*یہ سرگرمی تعلق اور احساس ملکیت کی حوصلہ افزائی کر سکتی ہے، جبکہ پڑوس کے اثاثوں کی نقشہ سازی کا موقع بھی فراہم کر سکتی ہے۔ پڑوس کے اندر یہ شناخت شدہ کمیونٹیز یا تو نیبر ہُڈ ایسوسی ایشن کے اہداف اور مقاصد کی حمایت کر سکتی ہیں یا وہ اس کی ممبر بن سکتی ہیں۔*

*مثال کے طور پر، ایک بیوٹیفیکیشن پروجیکٹ کو مختلف قسم کے ہنر مندوں کی ضرورت ہو سکتی ہے، مثلاً باغبان، فنکار اور یہاں تک کہ لینڈ سکیپرز کی ضرورت بھی پیش آ سکتی ہے۔ ارکان*

*کمیونٹی میں باغبانی کے ماہرین، فنکار برادری اور زمین کی تزئین و آرائش کا کام کرنے والے کمیونٹی ممبران پہلے سے ہی کسی محلے میں موجود ہو سکتے ہیں، جو خوبصورتی کے پروجیکٹس میں حصہ لے سکتے ہیں اور اپنے پڑوس کو بہتر بنانے کے لیے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر خوشی محسوس کر سکتے ہیں۔*

*یہ سرگرمی پڑوسی ایسوسی ایشنز کو اس کی موجودہ رکنیت سے آگے دیکھنے کی بھی ترغیب دیتی ہے، جس انداز سے یہ گروپ خود کو فروغ دیتا ہے اور اس سے گروپ کی کوششوں اور اثرات میں نمائندگی کرنے والی متنوع آوازوں اور تجربات کے اثاثوں میں اضافہ ہوتا ہے۔*





COMMUNITY SAFETY & WELL-BEING

## حصہ سات

# آپ کے قریب موجود ایک پڑوس کی جھلکیاں!

پڑوسیوں کی ایسوسی ایشنز رہائشیوں کو یہ سیکھنے میں مدد فراہم کرتی ہیں کہ ان کے تحفظ کے احساس کو کیسے بہتر بنایا جائے، ان کے پڑوس کے اندر موجود خدشات سے کیسے مطلع کیا جائے اور ان مسائل کو حل کرنے کے لیے انہیں کیسے بااختیار بنایا جائے۔ پڑوسیوں کی ایسوسی ایشنز پڑوس میں لچک اور برداشت پیدا کرتی ہیں اور شہر بھر میں پہلے سے بہت سے فعال گروپ موجود ہیں جو اپنے پڑوس کو بہتر بنانے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ برامپٹن میں موجودہ نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کی جانب سے کچھ تجاویز اور جھلکیاں دیکھیں!

- **فلیچرز کریک SNAP (وارڈز 1 اور 5)**
  فلیچرز کریک کی پڑوسیوں کی انجمن نے کریڈٹ ویلی کنزرویشن، سٹی آف برامپٹن، ریجن آف پیل، مقامی رہائشیوں، کمیونٹی ممبران اور مقامی علاقوں کی قیادت کے ساتھ مل کر فلیچرز کریک سسٹین ایبل نیبر ہُڈ ایکشن پلان (SNAP) تیار کیا ہے۔ یہ گروپ وسائل اور معلومات کا اشتراک کرنے کے لیے اکٹھا ہوا ہے اور اپنے پڑوس کی بہتری کے لیے متعدد اقدامات پر کام کرتا ہے، بشمول درخت لگانا، ماحولیاتی استحکام، اپنی مقامی زمینوں کی تزئین و آرائش اور کمیونٹی کی شمولیت۔

- **ہارٹ لیک ہیپیننگس (وارڈز 2 اور 6)**
  2012 میں بنائی گئی اس ایسوسی ایشن کے اراکین ہارٹ لیک کے پڑوسی علاقوں کے رہائشی ہیں، وہیں کام کرتے ہیں، کھیلتے ہیں اور کمیونٹی کی تعمیر اور ایک شاندا پڑوس کے عظیم جذبے کو فروغ دینے کے لیے فیس بک اور ذاتی اجتماعات میں اکٹھے ہوتے ہیں۔ اس میں 3,000 سے زیادہ اراکین حصہ لیتے ہیں، اشتراک کرتے ہیں اور اپنے پڑوس سے متعلق تصوّرات اور موضوعات پر تبادلہ خیال کرتے ہیں۔

- **پیلر ولج (وارڈز 3 اور 4)**
  پِیل ولج کے پڑوسیوں کی انجمن میں رہائشیوں کا ایک فعال گروپ شامل ہے، جو ایک دوسرے کو بااختیار بناتے ہیں کہ وہ حفاظت کو بڑھانے اور اپنے پڑوس کے مستقبل کی تشکیل میں بڑھ چڑھ کر اپنا کردا ادا کرتے رہیں۔

- **برامیلہ SNAP (وارڈز 7 اور 8)**
  اس پروگرام میں ماہانہ نیٹ ورک میٹنگز کی سہولت، رہائشیوں کی قیادت کے ساتھ سالانہ تقریبات، مقامی افراد کی شراکت داری میں اضافہ اور مقامی احیاء کے پروجیکٹس کو سپورٹ کرنے کے لیے پڑوس کی شمولیت پر توجہ مرکوز کرنا شامل ہے۔

- **ماؤنٹ رائل کمیونٹی گروپ (وارڈز 9 اور 10)**
  ماؤنٹ رائل کمیونٹی گروپ تفریحی فلم نائٹس اور سرگرمیوں کا اہتمام کر کے، اپنے علاقے میں اسکولوں کی معاونت اور حفاظت کو بہتر بنانے کے لیے مقامی حکومت کے ساتھ مل کر اپنے علاقے میں بہتریاں لاتے ہوں اپنے رہائشیوں کے درمیان تعلقات استوار کرنے کے لیے کام کرتا ہے۔



COMMUNITY SAFETY
& WELL-BEING

# حصہ آٹھ

# اعترافات



# اعترافات

اس گائیڈ کو بنانے کے لیے، CSWO نے پورے اونٹاریو میں موجودہ نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کے اقدامات اور پروگراموں کے تجربات سے استفادہ حاصل کیا ہے۔

اس کے ساتھ، CSWO ہماری کمیونٹی میں نیبر ہُڈ ایسوسی ایشنز کے قیام اور انہیں برقرار رکھنے کے لیے رہائشیوں کو ایک ڈھانچہ فراہم کرنے کے لیے پرجوش ہے۔ ہم اپنے پڑوس میں حفاظت اور فلاح و بہبود کو بڑھانے کے لیے رہائشی گروپوں کے ساتھ مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں۔

کمیونٹی سروسز ڈیپارٹمنٹ پڑوس کی مدد کرنے پر بہت خوشی محوس کرتا ہے۔ ایسوسی ایشنز کی مدد کے لیے ہم پڑوس کے ایسے پروجیکٹس پیش کرتے ہیں جو کمیونٹی کو نئے اور پرجوش طریقوں سے فائدہ پہنچاتے ہیں، جو برامپٹن کو بااختیار بناتے ہیں اور ایسی کمیونٹیز کے اندر کام کرتے ہیں جہاں لوگ خود کو محفوظ محسوس کریں اور ان میں ملکیت کا احساس اجاگر ہو۔

برامپٹن ایک خوبصورت شہر ہے جس میں سب کے لیے لطف اندوز ہونے کے لیے نہایت شاندار بیرونی جگہیں موجود ہیں۔ ہمارے شہر کو صاف ستھرا، سرسبز اور محفوظ رکھنے میں ہر کوئی اپنا کردار ادا کرتا ہے!

# نوٹس



COMMUNITY SAFETY
& WELL-BEING


کمیونٹی سیفٹی اینڈ ویل بیئنگ آفس 2
ویلنگٹن اسٹریٹ ویسٹ
برامپٹن، اونٹاریو، L6Y 4R2

CSWO@brampton.ca
www.brampton.ca/communitysafety


مانگے جانے پر متبادل فارمیٹ دستیاب ہیں۔
درخواست کرنے کے لیے accessibility@brampton.ca
پر ای میل کریں۔

BRAMPTON